# قدوائی انگلش اسکول

## نظم : 1 موٹر سائیکل چوتھی جماعت

I۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:

۱۔ مکتب: مدرسہ ۲۔ میکانک: کل پرزے درست کرنے والا

۳۔ ابتر: بدحال ۴۔ آن میں: فوراً لمحہ بھر میں ۵۔ پرزہ: مشینی حصہ

II۔ درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں صحیح جواب چن کر خانہ پُری کیجیے:

۱۔ صبح میں ابّا اس کو چلاتے۔ ۲۔ ہم کو بسکٹ ٹافی لائے۔

(چاچا، بھیّا، ابّا، امّی) (چاکلیٹ، بسکٹ، کیلا، سیب)

۳۔ جب بھی اس کو بھوک ہے لگتی۔ ۴۔ مکتب ہم کو چھوڑ کے جاتے۔

(بھوک، ٹھنڈ، پیاس) (مدرسہ، بازار، دفتر، مکتب)

III۔ صحیح جملوں کی نشاندہی [ ] کیجیے:

۱۔ بھیّا فوراً گھر لے آئے [ ✓ ] ۲۔ کار اور جیب وہاں جا پہنچے [ ✗ ]

۳۔ لے جاتے ہیں سائیکل پمپ پر [ ✗ ] ۴۔ میلوں میلوں چلتی ہے یہ [ ✓ ]

IV۔ ان سوالوں کے جوابات ایک ایک جملوں میں لکھیے:

۱۔ آپ مکتب کس طرح جاتے ہیں؟ ۲۔ ابّا اور امّی بازار سے کیا کیا لاتے ہیں؟

ج۔ ہم مکتب موٹر سائیکل پر جاتے ہیں۔ ج۔ ابّا اور امّی بازار سے بسکٹ ٹافی لاتے ہیں۔

۳۔ موٹر سائیکل جب گندی ہو جائے تو کیا کرنا چاہئے؟

ج۔ موٹر سائیکل جب گندی ہو جائے تو دھونا چاہئے۔

Scanned with CamScanner

۴۔موٹر سائیکل کا کوئی پرزہ بگڑتا ہے تو کون مرمّت کرتا ہے؟

ج۔موٹر سائیکل کا کوئی پرزہ بگڑتا ہے تو میکانک مرمّت کرتا ہے۔

V۔ان الفاظ کو جوڑ لگائیے:

| | |
|---|---|
| ۱۔ کیچڑ سے جب گندی ہوتی | بھیّا دھوتے، دیدی دھوتی |
| ۲۔ بھر کر اس کا پیٹ ہیں لاتے | خوب سواری اس کی کرتے |
| ۳۔سائیکل سے یہ تیز ہی ڈوڑے | سب کو اپنے پیچھے چھوڑے |
| ۴۔جب کوئی پرزہ اس کا بگڑے | تب ہی میکانک اس کو بنائے |

VI۔ان الفاظ کے اضداد لکھو:

۱۔صبح = شام　　۲۔ابتر = بدتر　　۳۔جاتے = آتے

۴۔پیچھے = آگے　　۵۔اچھا = برا

VII۔ان الفاظ کے مونث لکھو:

۱۔گندا = گندی　　۲۔پیارا = پیاری　　۳۔دھوتا = دھوتی

۴۔چلتا = چلتی　　۵۔لگتا = لگتی

VIII۔مثال کے مطابق حرف　ے　کی مدد سے ان الفاظ کی جمع بتائیے:

۱۔ پرزہ + پرزے　　۲۔لگتا + لگتے　　۳۔بگڑا + بگڑے

۴۔ جاتا + جاتے　　۵۔دوڑا + دوڑے

IX۔املے کے الفاظ

۱۔موٹر سائیکل　　۲۔پٹرول

۳۔مکتب　　۴۔پرزہ

Scanned with CamScanner

۵۔ بسکٹ ۶۔ میکانک

۷۔ کیچڑ ۸۔ گندی

۹۔ بھیا ۱۰۔ دیدی

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@

سبق:1 امرود چوتھی جماعت

ا۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:

ا۔ امرود: جام ۲۔ گودا: مغز ۳۔ مضر: نقصان

۴۔ فارغ: آزاد ۵۔ وٹامن: حیاتین ۶۔ چھال: چھلکا

۷۔ لذّت: مزہ ۸۔ جائزہ: جانچ ۹۔ مصروف: کام میں لگا ہوا

۱۰۔ خدشہ: خوف ۱۱۔ انتظام: بندوبست

۱۲۔ خراش: گلے کی خرخراہٹ کو خراش کہتے ہیں

۱۳۔ سلاد: کچے ساگ اور پھل (جو کھانے کے ساتھ دستر خوان پر چکھنے لیے سجایا جاتا ہے)

II۔ ذیل میں دئے گئے جملوں میں سے صحیح ہیں تو انہیں [ ] کا نشان غلط [ ] کا نشان لگائیں:

ا۔ حامد اور رضیہ مدرسہ سے گھر لوٹے [ ✓ ] ۲۔ باغ میں امرود کے درخت تھے [ ✓ ]

۳۔ امرود کے درخت پر امرود نہیں ہوتے [ X ] ۴۔ بچے کھیل کود میں مصروف ہوگئے [ ✓ ]

۵۔ سارے بچے بھوبھی کے گرد بیٹھ گئے [ X ]

III۔ جوڑ لگائے:

ا۔ امرود جام بھی کہتے ہیں

Scanned with CamScanner

۲۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے

۳۔ پھل اور میوے صحت کے لیے فائدہ مند ہیں

۴۔ امرود میں وٹامن پائے جاتے ہیں

IV۔ نیچے دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پر کیجیے:

(نمک، کالی مرچ، مضر، پانی، خون)

۱۔ امرود کو نمک اور کالی مرچ کے ساتھ کھایا جاتا ہے ۲۔ امرود کا بے جا استعمال مضر ہو سکتا ہے

۳۔ امرود کھانے کے فوری بعد پانی نہیں پینا چاہیے ۴۔ امرود سے خون صاف ہوتا ہے

V۔ ان الفاظ کے اضداد لکھیے:

۱۔ مریض = تندرست ۲۔ فائدہ = نقصان ۳۔ صبح = شام

۴۔ آج = کل ۵۔ سردی = گرمی ۶۔ کچا = پکّا

V۔ ان سوالوں کے جوابات ایک جملوں میں لکھیے:

۱۔ چھٹی کے دن کہاں جانے کا پروگرام تھا؟

ج۔ چھٹی کے دن پکنک جانے کا پروگرام تھا۔

۲۔ امرود کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج۔ امرود کا دوسرا نام جام ہے۔

۳۔ پکنک منانے کے لیے کہاں گئے؟

ج۔ پکنک منانے کے لیے امرود کے باغ گئے۔

۴۔ دسترخوان کس نے چنا؟

ج۔ دسترخوان امّی اور پھوپھی نے چنا۔

۵۔ بچّے کس کے گرد بیٹھے تھے؟

ج۔ بچّے دادی کے گرد بیٹھے تھے۔

۶۔ پکنک منانے کے لیے کون کون گئے؟

ج۔ پکنک منانے کے لیے ابا امّی دادی حامد رضیہ پھوپھی اور عامر بتول گئے۔

Scanned with CamScanner

# نظم-2 بکری

رنگ برنگی اُجلی کالی
میں میں کرتی بکری آئی

ٹانگیں چار ہیں دُم ہے اچھی
منھ ہے لمبا، سینگیں چھوٹی

کام بڑا پر قد میں چھوٹی
ہم سب کے یہ کام ہے آتی

کُھر ہیں اس کے پھٹے پھٹے سے
چال بھی اس کی ہے متوالی

سب کو پیاری لگتی ہے یہ
بھینس اور گائے سے ہے اچھی

طاقت اس کے دودھ میں ہے
گوشت میں لذّت اور نرمائی

بال سے اس کے اون بنے ہے
اور بنے ہے سویٹر ٹوپی

کھال بھی اس کے کام میں آئے
جس سے بنتے بیگ اور جوتی

پالنا اس کا نبی کی سنّت
جس سے ملے ہے برکت بھی

ا۔ ان الفاظ کے معنی لکھو؛

ا۔متوالی = مست مدہوش ۲۔لذّت = مزا، ذائقہ ۳۔نرمائی =ملائمت، نرمی

۴۔سویٹر =موٹی اُونی بنیان ۵۔برکت = نعمت کی زیادتی، خوش قسمتی

۶۔اون = بکری کے بال سے بننے والا دھاگہ

۷۔کُھر = گائے، بکری اور ہرن وغیرہ کے چرے ہوئے سُم

II۔ جوڑ لگایئے:

ا۔کام بڑا پر قد میں چھوٹی ہم سب کے یہ کام ہے آتی

Scanned with CamScanner

۲۔ سب کو پیاری لگتی ہے یہ — بھینس اور گائے سے ہے اچھی
۳۔ ٹانگیں چار ہیں دُم ہے اچھی — منہ ہے لمبا سینگیں چھوٹی
۴۔ کھال بھی اس کے کام میں آئے — جس سے بنتے بیگ اور جوتی

III۔ ان اشعار کو مکمل کیجیے:

۱۔ رنگ برنگی اُجلی کالی — میں میں کرتی بکری آئی
۲۔ کھر ہیں اس کے پھٹے پھٹے سے — چال بھی اس کی ہے متوالی
۳۔ پالنا اس کا نبی کی سنّت — جس سے ملے برکت بھی

IV۔ ان الفاظ کے مونث لکھو:

۱۔ بکرا = بکری ۲۔ چھوٹا = چھوٹی ۳۔ متوالا = متوالی
۴۔ اچّھا = اچھی ۵۔ لمبا = لمبی ۶۔ بیل = گائے

V۔ ان سوالوں کے جواب لکھو:

۱۔ بکری کی کتنی ٹانگیں ہوتی ہیں؟
ج۔ بکری کی چار ٹانگیں ہوتی ہیں۔

۲۔ بکری کی چال کیسی ہے؟
ج۔ بکری کی چال متوالی ہے۔

۳۔ بکری پالنا کس کی سنّت ہے؟
ج۔ بکری پالنا نبی کی سنّت ہے

۴۔ بیگ اور جوتے کس سے بنتے ہیں؟
بیگ اور جوتے بکری کی کھال سے بنتے ہیں۔

۶۔ بکری کے اون سے کونسی چیزیں بنتی ہیں؟
بکری کے اون سے سویٹر اور ٹوپی بنتی ہیں۔

Scanned with CamScanner

# سبق 2: عیدالاضحیٰ چوتھی جماعت

I۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:

۱۔ چمن: باغ ۲۔ تہوار: خوشی کا دن ۳۔ چمن کی مانند: باغ کی طرح

۴۔ یکم: ایک یا پہلی تاریخ ۵۔ عید: خوشی کا دن ۶۔ ٹیلا: پہاڑی

۷۔ برداشت کرنا: سہنا ۸۔ تعمیل: عمل کرنا، حکم ماننا ۹۔ حکم: فرماں

۱۰۔ دنبہ: بکرا، بھیڑ ۱۱۔ تعمیل: عمل کرنا، حکم ماننا ۱۲۔ تابع: ماتحت

۱۳۔ رضا: مرضی ۱۴۔ وحی: اللہ کے احکام، اللہ کا پیغام

۱۵۔ یکم شوال: ماہ شوال کی پہلی تاریخ (شوال اسلامی کیلنڈر کے مطابق دسواں مہینہ)

۱۶۔ شیر خوار: دودھ پینے والا یعنی چھوٹا بچہ ۱۷۔ صحرا: جنگل، ریت کا میدان، بیابان

۱۸۔ مشکیزہ: چمڑے کی وہ تھیلی جس میں پانی بھرا جاتا ہے۔

۱۹۔ ذخیرہ: پونجی، کھانے پینے کی اشیاء، اناج وغیرہ

II۔ جوڑ لگائیے:

| | |
|---|---|
| ۱۔ عیدالفطر | یکم شوال |
| ۲۔ حضرت ہاجرہ علیہ السلام | حضرت اسماعیل کی ماں |
| ۳۔ عیدالاضحیٰ | ذی الحجہ کی ۱۰ ویں تاریخ |
| ۴۔ حضرت ابراھیم | اللہ کے نبی گزرے ہیں |

III۔ خانہ پری کیجیے:

۱۔ ہمارا ہندوستان مختلف مذاہب کا گہوارہ ہے۔

Scanned with CamScanner

۲۔حضرت ہاجرہؓ نے دونوں پہاڑیوں کے درمیان سات چکر لگائے۔

۳۔عیدالاضحیٰ کو عید قربان بھی کہتے ہیں۔

۴۔ ہماری ہر خوشی اللہ کی رضا کے تابع ہو۔

(رضا، سات ، گہوار ، عید قربان)

IV۔ان الفاظ کے اضداد لکھیے:

۱۔خوشی = غم ۲۔محبت = نفرت ۳۔امید = ناامید

۴۔مکمل = نامکمل ۵۔غریب = امیر

V۔ان الفاظ کے جمع لکھیے:

۱۔مذہب + مذاہب ۲۔مقصد + مقاصد ۳۔مسجد + مساجد

۴۔مطلب + مطالب ۵۔مندر + منادر

VI۔ان سوالوں کے جواب لکھیے:

۱۔مسلمانوں کی دو اہم عیدین کونسی ہیں؟

ج۔مسلمانوں کی دو اہم عیدین عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ ہیں۔

۲۔عیدالفطر کب منائی جاتی ہے؟

ج۔عیدالفطر یکم شوال کو منائی جاتی ہے۔

۳۔عیدالاضحیٰ کب منائی جاتی ہے؟

ج۔عیدالاضحیٰ ذی الحجہ کی ۱۰ رویں تاریخ کو منائی جاتی ہے

۴۔حضرت ابراہیم علیہ السلام کون ہیں؟

ج۔حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے نبی ہیں۔

۵۔حضرت اسماعیل علیہ السلام کس کے بیٹے تھے؟

ج۔حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت ہاجرہؓ کے بیٹے تھے۔

Scanned with CamScanner

V۔ ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے:

ا۔ ہمارے ملک ہندوستان میں کون کونسے مذاہب ہیں؟

ج۔ ہمارے ملک ہندوستان میں ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی اور جین ہیں۔

۲۔ حضرت ابراھیم علیہ السلام نے خواب میں کیا دیکھا؟

ج۔ حضرت ابراھیم علیہ السلام نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ اپنے بیٹے کو ذبح کر رہے ہیں۔

۳۔ اللہ نے حضرت ابراھیم علیہ السلام کو وحی کے ذریعہ کیا بتایا؟

ج۔ اللہ نے حضرت ابراھیم علیہ السلام کو وحی کے ذریعہ یہ بتایا کہ ہم نے تمہاراامتحان لینا چاہا اور تم ہمارے امتحان میں پورے اترے۔

@@@@@@@@@@@@@@@

Scanned with CamScanner